RAMPUR GOVT GAZETTE

گزٹ ریاست رامپور

بحکم کونسل ریاست رامپور

جلد	مطبوعہ ۲۰ ذیحجہ سال ۱۳۱۱ ہجری روز شنبہ مطابق ۲۵ جون ۱۸۹۴ عیسوی	نمبر

حکم صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر متعلقہ رپورٹ کپتان ٹیٹ صاحب بہادر

حسب منشای حکم عالی تجویز ہوا کہ ایک نقل اسکی اطلاعاً و تعمیلاً پاس کپتان صاحب بہادر بھیجی جاوے اور ایک نقل واسطے اندراج گزٹ حسب منشای تحریر کپتان بیری وڈر صاحب چلہ خانہ کو مرسل ہو۔ انتخاب رپورٹ انگریزی دربارہ درستی لائن صاحب چیف انجنیر بہادر کے پاس واسطے کارروائی آئندہ مرسل ہو۔ ۱۸ جون ۱۸۹۴ع اور نیز انتخاب مکرر گزٹ میں درج کیا جاوے۔ محررہ ... صدر ... صدر۔

فہرست مضامین

نمبر شمار	نام مضمون	نمبر صفحہ
۱	حکم صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر متعلقہ رپورٹ کپتان ٹیٹ صاحب بہادر دربارہ قواعد جمعیت	۱ و ۲
۲	روبکار صاحب ریونیو ممبر بہادر در خواستہای رخصت کم از کم پندرہ روز قبل گذرنا چاہیے۔	۲
۳	روئداد کمیٹی میونسپل بورڈ شہر رامپور۔	ضمیمہ
۴ و ۵	نقشہ بارش و نقشہ حیات و ممات۔	〃
۶	نقشہ نرخنامہ اجناس۔	〃

ترجمہ انتخاب رپورٹ امپیریل سروس ریاست رامپور
بابت ششماہی اول الغایت ۳۱ مارچ ۱۸۹۴ء عیسوی
مرسلہ کپتان ٹیٹ صاحب بہادر

دفعہ ۱ رجمنٹ کی عام حالت اچھی ہے۔ قاعدہ دانی مین کچھ کمی اسطرف تھوڑی نگرانی درکار ہے۔ کمانڈنگ کے واپس آنے سے رجمنٹ اپنی اصلی حالت پر آگیا۔ جبکہ کمانڈنگ خوب جانتے ہین اور اوسے اچھی حالت مین رکھتے ہین۔ یہ رجمنٹ اپنے فرائض منصبی کے انجام دہی مین کبھی قاصر نہین رہا۔ جہانتک کہ مجکو علم ہے۔ اور نہ اوسکی بابت کونسل آف ریجنسی کو کبھی دقت اوٹھانا پڑی۔ اور نہ غالباً نواب صاحب بہادر کو آیندہ دقت اوٹھانا پڑیگی۔ میری راے مین یہ ایک مختصر اور کارآمد فوج نواب صاحب بہادر کی ہے جسے وہ مسند نشینی کے بعد گورنمنٹ کو مدد حفاظت ملک کے لیے دے سکین گے۔

اسپیل **دفعہ ۲** اس مد مین کوئی خاص ترقی نہین ہے جسکی رپورٹ کیجاوے لیکن مین اپنی دانست مین کہہ سکتا ہون کہ رجمنٹ کی حالت بدستور ہے۔ ایام قواعد زیادہ تر بہت سی رسومات کی وجہ سے ضائع ہوا۔ یعنی اولاً اسپلہ منتظیر بعدہ والیئی ایجنٹ صاحب بہادر سفر ولایت اوسکے بعد شادی حضور پر نور۔ اور سب سے بعد مسند نشینی۔ مجھے امید ہے کہ امام گرما مین رجمنٹ بقیہ نمبرون کو پورا کریگا۔ اور عمدہ موقع اطمینان سے ساتھ قواعد کرنے کا ملیگا۔ اور کیسی کیمپ آف اکسر سائز مین شامل ہونے کا سال آیندہ مین موقع ملیگا۔

اندرونی بندوبست **دفعہ ۳** اندرونی بندوبست ہر طرح سے قابل اطمینان ہے ایک سالہ قواعد منجملہ حصہ اول اسٹینڈنگ آرڈرس رسالہ جات پنجاب امپیریل سروس منظور ہوکر اور ترجمہ ہوکر بغرض عملدرآمد مشتہر کیا گیا ہے۔ اس سے بہت سی ضروریات مطلوبہ رفع ہوجائینگی۔

اصطبل **دفعہ ۴** اصطبل کا انتظام بخوبی ہوتا ہے اور گھوڑے اچھی حالت مین ہین۔

لین گارڈ وغیرہ **دفعہ ۵** لین اچھی ہے اور باقاعدہ مرمت ہوا کرتی ہے زائد ضروری جگہہ یا مکان جو افسرون کے واسطے درکار ہے وہ ابھی نہین بنایا گیا ہے۔ لیکن مینے اسکو ظاہر کردیا ہے غالباً سال سنہ رواں کے بجٹ مین تدبیر تیاری کی کردیجاوے گی اسلیے کہ ششماہی اول کے اخیر مین گنجایش نتھی۔

روبکار اجلاس صاحب ممبران بہادر ریاست رامپور
واقع ۲۰ جون ۱۸۹۴ء

درخواستہاے رخصت اہلکاران جو تحصیلات سے آتی ہین وہ ایسی تنگ وقت پر بھیجتے ہین کہ خواہندۂ رخصت کی روانگی وغیرہ مین صرف ایک یا دو روز کا فصل رہتا ہے اور اس مدت مین کوئی انتظام معقول نہین ہوسکتا۔ حوادث اتفاقی کا تو کوئی چارہ نہین ہے اگر کوئی ضرورت اتفاقیہ وناگہان پیش آوے تو مضائقہ نہین لیکن عام طور پر ایسی درخواستین رخصت کی کم از کم پندرہ روز قبل گذرنا چاہیے تاکہ انتظام کام کا باطمینان موقع سے ہو۔

حکم ہوا کہ

تحصیلداران کو اطلاع دیجاے اور روبکار درج گزٹ ہووے

حکم صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر واقع ۱ جون ۱۸۹۴ء

ہر دفعہ کے سامنے حکم لکھدیا گیا ہے مطابق اوسکے حکم جاری ہو اور ایک نقل واسطے درج گزٹ کے سلسلہ مسل سے کارروائی سکریٹری بورڈ کے پاس مرسل ہو۔

[illegible]

روئداد کمیٹی میونسپل بورڈ شہر رامپور منعقدہ ۲۳ مئی ۱۸۹۴ء

منشی حاجی محمد ہادی حسن خان صاحب مجسٹریٹ ضلع صدر نشین

منشی نندکشور صاحب اسسٹنٹ مجسٹریٹ ضلع سکریٹری

شرکاء ملازمین

۱- حکیم احمد رضا خان صاحب مہتمم شفاخانہ یونانی

۲- مولوی محمد یعقوب علی خان صاحب وکیل سرکار

۳- پنڈت رام دیال صاحب ڈاکٹر فوج

شرکاء غیر ملازمین

۱- صاحبزادہ گن خان صاحب ممبر ۲- حافظ مستقیم صاحب ممبر

۳- احمد علی خان صاحب ممبر ۴- مولوی محمد عبد المجید خان صاحب وکیل ممبر

۵- لالہ گوپال داس صاحب ممبر ۶- لالہ گنیشی لعل صاحب ممبر

۷- لالہ بلدیو داس صاحب ممبر ۸- لالہ [illegible] دیال صاحب ممبر

امور تصفیہ طلب	تجویزات کمیٹی
۱- نقل درخواست عبد الرب خان بابت ٹھیکہ کلاوانی مفصلات معہ رائے تحصیلات و کمیٹی رامپور نسبت اجرائے محصول ہذا۔	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ تحصیلات نے یہ نہیں لکھا گیا کہ وہاں گوشت کس نرخ سے فروخت ہوتا ہے لہذا اول جملہ تحصیلات سے نرخ گوشت دریافت کیا جاوے بعد ازاں بعد تجویز ہوگی۔ ملاحظہ شد
۲- عرضی میاں نبی شاہ ساکن محلہ گنڈہ بند بابت اجازت کندہ گی گڈھا در اراضی خود۔	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ بموجب دفعہ (؟) باب چہارم مٹی لینے کیلئے سائل کو اجازت دیکر اقرار نامہ لکھا لیا جاوے کہ متعفن و غلیظ چیز ونسے گڈھا نہ بھرا جاوے اور نگرانی کیجاوے کہ خلاف اقرار نامہ کارروائی نہ ہوئی ملاحظہ شد
۳- نوٹ مرزا محمد حسن صاحب ممبر دربارہ تصریح اختیارات ممبران بورڈ۔	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ مرزا صاحب نے اختیارات کی بابت کچھ اظہار نہیں کیا کہ کیا کیا اختیارات ممبران کو ہونا چاہئے لہذا ایسی نوٹ مرزا صاحب کو تکلیف دیجاوے کہ وہ اختیارات کی بابت یادداشت مفصل پیش کریں ملاحظہ شد

۴- کاغذات درستی چاہ محلہ اکہاڑہ مع تخمینہ صہ ورائے صاحب سکرٹری بورڈ۔	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ صاحب سکرٹری بورڈ نے اس چاہ کا خود معائنہ کیا ہے وہ درستی اسکی ضروری تحریر کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ پانی شیرین ہے اور اس چاہ سے بہت لیا جاتا ہے لہذا تخمینہ منظور ہے فوراً کام جاری ہو مابعد منظوری نوٹ ہذا چاہئے۔

ہکو بھی گرداور صفائی یہ موقع دکہلادین یہ تحریر ضابطہ اطلاع دیجاوے۔ ۱۰ رجون ۱۹۲۳ء

[signature]

۵- نوٹ صاحب سکرٹری بورڈ و رپورٹ گرداور صفائی دربارہ تجویز ڈلاؤ چابرکوڑہ حسب دفعہ (۲۶) باب چہارم دستور العمل میونسپلٹی۔	گرداور صفائی نے مقامات مفصلہ تحت تجویز کئے ہین نمبر ۱ تھانہ بندریہ مالطرف اپاشتگی تالاب محلہ مالہ پایہ اراضی تالاب سرکاری۔ نمبر ۲ تھانہ حجیانی متصل باغیچہ دوتی لام اپاشتگی جاہا سے اراضی قبرستان۔ نمبر ۳ تھانہ گنڈہ متصل باغیچہ نو تیرام اپاشتگی تالاب موسوم کیلے والہ اراضی سرکاری۔ نمبر ۴ تھانہ گوجر ٹولہ اپاشتگی تالاب کیلے والہ اراضی سرکاری۔ نمبر ۵ تھانہ بیونہ تالاب اپاشتگی تالاب متصل مزار شاہ درگا جیسا اراضی قبرستان۔ نمبر ۶ تھانہ گنج اپاشتگی تالاب متصل مزار شاہ ولی اللہ صاحب اراضی تالاب سرکاری۔ نمبر ۷ تھانہ بندریہ فتح علیخان۔ اپاشتگی تالاب متصل سڑک جدید جیلخانہ اراضی سرکاری۔ نمبر ۸ تھانہ رزرا اپاشتگی تالاب گوبیا و تالاب متصل مزار شاہ ولی اللہ صاحب اراضی سرکاری و قبرستان۔ نمبر ۹ تھانہ چوک اپاشتگی تالاب کیلے والہ و تالاب متصل مزار شاہ ولی اللہ صاحب اراضی سرکاری۔ بالاتفاق تجویز ہوئی کہ مقامات مندرجہ بالا منظور ہین لیکن اسقدر گرداور صفائی کو ہدایت ہو کہ مقابہ کے غار جہان ہون اونہین کوڑہ نہ ڈالا جاوے اور ایک جانب سے تالاب پاٹتے جاوین اور برابر ہوتے چلے جاوین ایسا نہو کہ درمیان مین کوڑہ ڈالا جاوے اور موسم بارش مین کہ قریب ہی عفونت زیادہ تر پیدا ہو کر ترقی امراض کا باعث ہوجاوے اور اس امر کی بہی کامل نگرانی ہونی چاہیے کہ غلاظت ان مقامات پر ہرگز نہ ڈالی جاوے

ملاحظہ شد [signature]

۶- نوٹ صاحب سکرٹری بورڈ مع رپورٹ صفائی دربارہ تجویز مقامات بہایہ دفن جانوران مردہ	صفائی سے مقامات مندرجہ تحت تجویز ہو کر رپورٹ آئی ہے۔ ۱- بیرون سراے دروازہ عقب بڑا باغ۔

حسب دفعہ ۲۱ باب چہارم دستور العمل بورڈ۔	۲۔ بیرون نواب دروازہ۔ عقب مزار سید ... شہید ... ۔ ۳۔ بیرون شاہ آباد دروازہ۔ متصل باغ میر شجاعت علی۔ ۴۔ بیرون بلاسپور دروازہ متصل پزاوہ۔ بالاتفاق تجویز ہوئی کہ منجملہ ان مقامات کے صرف سرآمد دروازہ و بلاسپور دروازہ کی منظوری بجائی سے نواب دروازہ و شاہ آباد دروازہ کے مقامات بوجہ قریب منظوری کے قابل نہیں ہیں ایک ہی جانب جملہ مقامات ہونیسے باشندگان شہر کو تکلیف زیادہ ہوگی۔ بریلی دروازہ و عیدگاہ دروازہ اور مقامات تجویز کرکے جلد تر رپورٹ بھیجدین صفائی کو لکھا جاوے۔ ملاحظہ شد
۷۔ روبکار صاحب جوڈیشل ممبر بابت مع راے کمیٹی در رپورٹ صفائی دربارہ خریداری گاڑیاں آہنی بنا کردہ وغیرہ۔	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ سررشتہ اسقدر کہاں گنجائش ہے کہ سرکین مندرجہ رپورٹ صفائی پختہ کرائی جاویں جسقدر سرکین اسوقت پختہ ہیں اونکی ضرورت کے لحاظ سے رپورٹ آنا چاہیے کہ کسقدر گاڑیونکی خریداری کی ضرورت ہے اور پہلی اب کسقدر گاڑیاں صفائی میں موجود و کارآمد ہیں پڑی ہوئی اور لوہار کے نوکر رکھنی کی درستی گاڑیاں کیلئے ابھی کوئی ضرورت نہیں ہے ایسی تجاویز ہو کہ مفصل رپورٹ جلد بھیجدین۔ ملاحظہ شد
۸۔ نوٹ مرزا محمد حسن صاحب ممبر بورڈ باطلاع چھڑکا جاتے پانی غلیظ جھیجہ کا ... ۔	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ دفعہ ۲۷ باب چہارم قواعد بورڈ کے بالکل خلاف یہ کارروائی ہے کہ پانی جھیجہ کا سڑکوں اور رستوں پر ڈالا جاتا ہے آئندہ کیلئے قطعی ممانعت کیجاوے اور دریافت کیا جاوے کہ کیوں خلاف کارروائی ہوتی ہے۔ ملاحظہ شد
۹۔ عرضی محلہ داران نالہ پار بدرخواست نصب لالٹین در مسجد و مسجد شاہ آباد دروازہ۔	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ نالہ پار کی مسجد ضرور ایسی ہے کہ وہاں لالٹین نصب ہونا چاہیے لہذا اگر دروغہ صفائی ایک لالٹین نصب کرادین اور پانچ روپیہ کی فنڈ معاہدہ میں گنجائش ہے وہ صرف کئے جاویں بقیہ ... میونسپلٹی سے دی جایا کرین بحساب فی لالٹین ۱۳ ماہوار کا خرچ ہے سال بھر کیلئے ... کی رقم ہونا چاہیے۔

ایسی رپورٹ علیحدہ ہمارے پاس واسطے منظوری کے آنا چاہیے ۱۳ رجون ۱۸۹۳ء

[illegible]

۱۰- عرضی محلہ داران کوچہ فرح شاہخان و کوچہ سید ... بدرخواست انتظام روشنی مساجد۔	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ خود مساجد مین بالکل گنجائش نہین ہے لہذا عرضی داخل دفتر ہوں۔

ملاحظہ شد

۱۱- کاغذات انتظام روشنی مسجد نواب دروازہ	صفائی کی رپورٹ سے واضح ہے کہ انتظام روشنی پیش ہے اور ایک نقشہ کل لالٹین ہا کے فاصلہ کے بابت زیر تیاری ہے اور جس مین اس مسجد کی روشنی کا بندوبست بھی بہ کمی بیشی فاصلہ لالٹین شریک کیا جاویگا لہذا بالاتفاق تجویز ہوئی کہ یہ کاغذات صفائی کو بھیجکر لکھا جائے کہ جلد تر وہ نقشہ مرتب کر کے اجلاس کمیٹی مین مع ان کاغذات کے بھیجین
۱۲- عرضی محلہ داران کوچہ بہاگل بدرخواست نصب لالٹین بہ محلہ مذکور مع کیفیت صفائی۔	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ اس محلہ کے محلہ باشندگان سے پرتہ چوکیدارہ بھی لیا جاتا ہے اور ضرورت نصب لالٹین کی محلہ دار درخواست کرتے ہین اور ضرورت بھی ہے لہذا مناسب موقع پر ایک لالٹین نصب کردیجاوے

ہمکو موقع ملاحظہ کرانا چاہیئے۔ ۱۰ جون ۱۹۲۳ء

۱۳- نوٹ بخشی صاحب فوج باطلاع نہ دینے اکبریان کے وقت معینہ بنابر داغ و ملاحظہ ممبر صاحبان یا دیگر افسران	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ اکبریان ہمیشہ وقت طلوع آفتاب کے واسطے داغ و ملاحظہ ممبر صاحبان کے آنا چاہیئے ... آنیکی کیا وجہ ہے صفائی پر تاکید کیجاوے ممبر صاحبان جاتے ہین اور وقت اور حیران ہو کر چلے آتے ہین آئندہ شکایت کرنا نہین چاہیئے اور ایک کرسی وہان واسطے نشست ممبر صاحبان کے بچھائی جایا کرے ممبر صاحبان کا وہان انتظار اکبریون مین کھڑا رہنا نامناسب ہے۔

صاف نہین معلوم ہوتا کہ داغ لگانے ممبر لوگ جاتے ہین
یا ذبح کرانیکے واسطے اور کس مقام پر جانا ہوتا ہے دریافت کیا جائے۔ ۱۰ جون ۱۹۲۳ء

۱۴- کاغذات رای صاحب مجسٹریٹ بہادر ضلع دربارہ معافی ۱۵ ار بابت پرتہ چوکیدارہ ذنگی نند رام دکاندار متصل کاروان سرائے۔	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ رقم قلیل ہے لہذا معاف کیجاوے۔

ملاحظہ شد

۱۵- [illegible] درستی نالی عقب کاروان سرای مع تخمینہ تعدادی دو روپیہ -	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ تخمینہ منظور ہے اجازت اجراے کام کی دیجاوے -

ملاحظہ شد

۱۶- عرضی محلہ داران چاہ خزانچیان بدرخواست تیاری کہرک چاہ مع تخمینہ تعدادی [illegible]	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ اس چاہ پر کہرک پڑنا چاہئے مگر تخمینہ زیادہ ہے حافظ مستقیم صاحب ممبر بورڈ تیاری اس کہرک کی اپنے ذمہ لیتے ہیں اور وعدہ کرتے ہیں کہ پانچ [illegible] روپیہ میں تیار کرادینگے لہذا حافظ مستقیم صاحب کو تیاری کہرک کی اجازت دیجاوے -

ملاحظہ شد

۱۷- عرضی مٹہن لعل بدرخواست درستی چاہ محلہ زریہ خانساماں مع تخمینہ تعدادی [illegible]	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ اول حافظ مستقیم صاحب ممبر بورڈ اس تخمینہ کی جانچ کر کے اطلاع دیں اور چاہ کو بھی دیکھیں ازاں بعد تجویز ہوگی -

جگہ بھی بہ موقع ملاحظہ کرادیا جاوے گر دادو صفائی موقع دکھلادیں سکرٹری بورڈ کو اطلاع دیجائے - [illegible] جون ۱۹۲۳ء

[illegible]

۱۸- عرضی غلام محمد متعلقہ بدرخواست اجازت لینے مٹی از تالاب -	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ تالاب انباشت کرائے جاتے ہیں اونمیں سے مٹی لینے کی اجازت نہیں ہوسکتی عرضی داخل دفتر ہو -

ملاحظہ شد

۱۹- نوٹ مرزا محمد حسن صاحب ممبر بورڈ دربارہ تیاری کہرک چاہ قریب زینہ عنایت خان	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ اول صفائی سے تخمینہ و کیفیت جلد طلب ہو -

ملاحظہ شد

۲۰- نوٹ مرزا محمد حسن خان دربارہ علیحدگی پیر [illegible] آہنی درمیان پہاڑی دروازہ و نصب [illegible]	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ اول صفائی سے کیفیت مفصل طلب ہو جلد -

ملاحظہ شد

نقشہ بارش متعلقہ ریاست رامپور من ابتدائی ۱۴ر لغایت ۲۲ر جون سنہ ۱۸۹۴ء

تاریخ و روز	صدر		تحصیل بلاسپور		تحصیل سوار		تحصیل شاہ آباد		تحصیل ملک		ٹانڈہ	
	امروزہ	از ابتداء	امروزہ	از ابتداء	امروزہ	از ابتداء	امروزہ	از ابتداء	امروزہ	از ابتداء	امروزہ	از ابتداء
۱۴ر جون روز پنجشنبہ	۲	-	-	-	۰	۰	۱۱	۰	۰	۰	۰	نقشہ نہیں آیا
۱۵ر جون روز جمعہ	۳	۶	۰	۰	-	۰	۲۱	۳۲	۰	۰	۰	۔۔
۱۶ر جون روز شنبہ	۳	۹	۰	۰		۰	۴	۳۶	۰	۰	۰	۔۔
۱۷ر جون روز یکشنبہ	۰	۹	۰	۰	۰	-	۵	۴۱	۰	۰	۰	۔۔
۱۸ر جون روز دوشنبہ	۷	۱۶	۰			۰	۰	۴۱	۹	۰	۰	۔۔
۱۹ر جون روز سہ شنبہ	۰	۱۶	۸	۰	۶	۰	۰	۴۱	۷	۱۶	۰	۔۔
۲۰ر جون روز چہارشنبہ	۰	۱۶	۰	۸	۰	۶	۱۰	۵۱	۰	۱۶	۰	۔۔
۲۱ر جون روز پنجشنبہ	۰	۱۶	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	۶	۰	۵۱	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	۔۔
۲۲ر جون روز جمعہ	۱۸	۳۴	۰	۔۔	۰	نقشہ نہیں آیا	۴	۵۵	۰	۔۔	۰	۔۔

نقشہ حیات و ممات متعلقہ ریاست رامپور من ابتدائی ۱۴ر لغایت ۲۲ر جون سنہ ۱۸۹۴ء عیسوی

نام مقام	تفصیل پیدائش					تفصیل قومی												تفصیل امراض					کیفیت
	مرد		عورت		میزان	[illegible]		[illegible]		[illegible]		[illegible]		میزان		تفصیل بہ [illegible]							
	مسلمان	ہنود	مسلمان	ہنود		مسلمان	ہنود	مسلمان	ہنود	مسلمان	ہنود	مسلمان	ہنود	مسلمان	ہنود	مسلمان	ہنود	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	
شہر رامپور	-	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰		نقشہ نہیں آیا
شاہ آباد	۵	۹	۱	۱۸	۳۳	۶	۲۷	۳	۳	۰	۱	۵	۳	۸	۷	۲	۱۳	-	۰	۱۵	۰	۱۵	۰
ملک	۳	۱۸	۵	۱۹	۴۵	۸	۳۷	۱۲	۵	۱	۲	۱۴	۱۲	۲۷	۱۹	۵	۴۱	۰		۱۶	۳۰	۳۶	۰
سوار	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	نقشہ نہیں آیا
بلاسپور	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۔۔
ٹانڈہ	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰		۰	۰	۔۔
میزان	۸	۲۷	۶	۳۷	۷۸	۱۴	۶۴	۱۵	۸	۱	۳	۱۹	۱۵	۳۵	۲۶	۷	۵۴	۰	۰	۳۱	۳۰	۶۶	۰

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدائے ۱۸ لغایت ۲۴ رجون سنہ ۱۹۴۲ء عیسوی

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	سوار	بلاسپور	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۰	۱۶ سار	۱۷ سار	۱۸ سار	۱۶ سار	۰	حضور تحصیل و ٹانڈہ سے نقشہ نہیں آیا
نخود خالص	۰	۰	۲۰ سار	۲۰ سار	۲۲ سار	۰	
نخود کسہ آمیز	۰	۲۳ سار	۲۴ سار	۲۲ سار	۲۶ سار	۰	
کستہ	۰	۰	۲۵ سار	۰	۰	۰	
جئی	۰	۲۷ سار	۰	یکمن	۳۰ سار	۰	
گوجئی	۰	۲۰ سار	۲۵ سار	۲۵ سار	۲۲ سار	۰	
مکا	۰	۰	۰	یکمن	۰	۰	
ماش	۰	۱۵ سار	۱۴ سار	۱۴ سار	۰	۰	
مونگ	۰	۰	۱۵ سار	۰	۰	۰	
عدس	۰	۰	۲۵ سار	۲۰ سار	۲۲ سار	۰	
ارہر	۰	۰	۲۵ سار	۱۸ سار	۲۵ سار	۰	
برنج	۰	۹ سار	۱۱ سار	۱۰ سار	۱۰ سار	۰	
روغن زرد	۰	۱ سار	۱ سار	۱ سار	۱ سار	۰	
روغن سیاہ	۰	۳ سار	۳ سار	۳ سار	۲ سار	۰	
روغن کنجد	۰	۳ سار	۰	۰	۰	۰	
نمک سیاہ جھر	۰	۷ سار	۸ سار	۰	۰	۰	
نمک لاہوری	۰	۶ سار	۶ سار	۰	۰	۰	
قند سیاہ	۰	۱۰ سار	۱۱ سار	۱۰ سار	۱۱ سار	۰	

مطبع سرکاری ریاست رامپور میں چھپکر شائع ہوا